سلسلہ دروس قرآن

پارہ 02

خلاصہ قرآن کریم



مرتب

استاذ التحقیق والتصنیف

علامہ محمد راشد علی عطاری مدنی

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل +92312-6392663

خلاصہ قرآنِ کریم

پارہ:02

مؤلف

مولانا ابو النّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

فہرست عنوانات

خلاصہ پارہ دوم

دوسرے پارے کا مرکزی پیغام یہ ہے کہ اسلام کامل اطاعت کا نام ہے، چاہے تحویلِ قبلہ ہو، قانونِ قصاص ہو یا عائلی احکام۔

صبر، استقامت اور اللہ پر بھروسا ہی وہ ہتھیار ہیں جن سے قلیل جماعت بھی کثیر دشمن پر غالب آجاتی ہے، اور حق چھپانا سب سے بڑا جرم ہے جبکہ توبہ کا دروازہ ہمیشہ کھلا ہے۔

اطاعت، صبر اور اللہ کی حکمتِ بالغہ

تحویلِ قبلہ: اطاعتِ رسول کا امتحان

دوسرے پارے کا آغاز تحویلِ قبلہ کے اہم واقعے سے ہوتا ہے۔ مدنی دور کی ابتدا میں سولہ سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نمازیں پڑھی گئیں، پھر اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کی بجائے بیت اللہ کو قبلہ بنانے کا حکم نازل فرمایا۔ اس تبدیلی کی حکمت خود اللہ تعالیٰ نے یوں بیان فرمائی کہ یہ اس لیے کیا تاکہ ظاہر ہو جائے کہ کون غیر مشروط طور پر رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون اپنی ایڑیوں کے بل کفر کی طرف پلٹ جاتا ہے۔ نیز فرمایا کہ ہم نے آپ کو بارہا آسمان کی طرف رخ پلٹتے ہوئے دیکھا، پس ہم آپ کو اسی قبلے کی طرف پھیر دیں گے جو آپ کو پسند ہے۔ یہ آیت بتاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خواہش اور اللہ کا حکم ایک ہی ہوتا ہے، اور ایمان کی اصل کسوٹی غیر مشروط اطاعت ہے۔

اہلِ کتاب کی ہٹ دھرمی اور کتمانِ حق

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تورات و انجیل میں رسول اللہ ﷺ کی جو روشن نشانیاں بیان کی گئی ہیں، ان کی روشنی میں اہلِ کتاب آپ ﷺ کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، لیکن وہ پھر بھی انکار کرتے ہیں اور اس انکار کا واحد سبب کتمانِ حق

یعنی جان بوجھ کر حق کو چھپانا ہے۔ آیات 159 تا 163 میں وعید آئی کہ جو لوگ دین کی حقانیت کے روشن دلائل چھپاتے ہیں ان پر اللہ، اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے، البتہ جو توبہ کرے اور اصلاح کر لے اس کیلیے توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ یہ ایک عبرتناک سبق ہے کہ علم رکھتے ہوئے حق چھپانا سب سے بڑے جرائم میں سے ہے۔

توحید کی نشانیاں کائنات میں

آیات 164 تا 167 میں اللہ تعالیٰ نے اپنی توحید اور قدرت کی نشانیاں گنوائیں: زمین وآسمان کی پیدائش، رات اور دن کی گردش، سمندروں میں کشتیوں کا چلنا، بارش کے ذریعے بنجر زمین کا زرخیز ہونا، ہواؤں کا چلنا اور بادلوں کا آسمان وزمین کے درمیان معلق رہنا۔ یہ سب نشانیاں اس بات کی گواہ ہیں کہ کائنات کا نظام کسی ایک قادر ومختار ذات کے ہاتھ میں ہے۔ ساتھ ہی فرمایا کہ اہلِ ایمان کو اللہ سے اس سے کہیں زیادہ محبت ہے جتنی مشرکوں کو اپنے باطل معبودوں سے ہے۔ یہ بھی بتایا کہ قیامت کے دن دنیا کے گمراہ لیڈر اپنے پیروکاروں سے بیزاری کا اظہار کریں گے اور اللہ کا عذاب دیکھ کر ان سے برأت کریں گے۔

حلال وحرام اور حقیقتِ نیکی

آیات 172 تا 173 میں اللہ تعالیٰ نے پاک نعمتیں کھانے کا حکم دیا اور اس کا شکر ادا

کرنے کی تاکید کی۔ پھر چار قطعی حرام چیزیں بیان کیں: مردار، بہتا ہوا خون، خنزیر کا گوشت اور وہ جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔ البتہ حالتِ اضطرار میں بقدرِ ضرورت ان کے استعمال کی گنجائش رکھی گئی۔ آیت 177 میں حقیقتِ نیکی کا ایک جامع نقشہ کھینچا گیا کہ نیکی صرف قبلے کی طرف رخ کرنے کا نام نہیں، بلکہ اس کے لیے اللہ، یومِ قیامت، فرشتوں، تمام الہامی کتابوں اور تمام انبیاء پر ایمان، انفاق فی سبیل اللہ، اقامتِ صلوٰۃ وزکوٰۃ، ایفائے عہد اور صبر واستقامت سب لازمی ہیں اور جو ان تمام صفات سے متصف ہوں وہی ایمان کے دعوے میں سچے ہیں۔

قانونِ قصاص: زندگی کی ضمانت

آیات 178 اور 179 میں اسلامی قانونِ قصاص بیان ہوا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ﴾ یعنی قصاص میں تمہارے لیے زندگی ہے۔ آج کا تجربہ بتاتا ہے کہ جس معاشرے میں یہ قانون نافذ نہ ہو، وہاں بے قصور انسانوں کی جان، مال اور آبرو کی پامالی معمول بن جاتی ہے۔ یہ قانون دراصل انسانی زندگی کا محافظ ہے۔

اسلام: مکمل تسلیم کا نام

آیات 207 اور 208 میں اللہ تعالیٰ نے واضح فرمادیا کہ ایمان کی حقیقت اللہ کے ساتھ اپنی جان کا سودا کر لینا ہے اور اسلام صرف پسندیدہ احکام قبول کرنے اور ناپسندیدہ

رد کر دینے کا نام نہیں۔ اسلام Pick & Choose کا نام نہیں، بلکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے تمام احکام کو بلا چوں وچرا قبول کرنے کا نام ہے۔ یہ آیت آج کے اس رجحان پر کاری ضرب لگاتی ہے جس میں لوگ دین کے بعض احکام پر عمل کرتے ہیں اور بعض کو رد کر دیتے ہیں۔

شراب، جوا اور انفاق کا حکم

آیت 219 میں شراب اور جوئے کا ابتدائی بیان ہوا کہ ان کے ظاہری نفعے کے مقابلے میں ان کا گناہ بہت بڑا ہے، اور جو مال ضرورت سے زائد ہو وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم دیا گیا۔ آیت 216 میں جہاد کی فرضیت بیان ہوئی اور یہ بتایا کہ بسا اوقات کوئی چیز انسان کو ناگوار لگتی ہے مگر وہ اس کے لیے بہتر ہوتی ہے، کیونکہ اللہ جانتا ہے اور انسان نہیں جانتا۔

نکاح، طلاق اور عائلی احکام

دوسرے پارے میں عائلی زندگی سے متعلق اہم احکام بیان ہوئے۔ آیت 221 میں مشرک عورتوں سے نکاح کی ممانعت آئی۔ آیت 228 میں مطلّقہ عورت کی عدت تین ایامِ مخصوص کی تکمیل قرار دی گئی۔ آیت 229 میں طلاق کا قانون یہ بتایا کہ دو طلاقوں کے بعد رجوع کا حق باقی ہے، لیکن تیسری طلاق کے بعد عورت اس پر حرام ہو

جاتی ہے۔ آیت 231 اور 232 میں تاکید کی گئی کہ رجوع صرف خوش دلی اور حسنِ سلوک کی نیت سے کیا جائے، ضرر پہنچانے کے لیے نہیں۔ آیت 233 میں بتایا گیا کہ رضاعت کی کامل مدت دو سال ہے اور طلاق کے بعد بھی بچے کے اخراجات باپ کے ذمے ہیں۔

طالوت، داؤد اور جالوت: ایمان کی فتح

پارے کے آخر میں طالوت کی بادشاہت کا بیان ہے۔ اہلِ ایمان کی قلیل جماعت نے آزمائشوں کو عبور کیا اور دشمن کے مقابلے میں یہ دعا کی: ﴿رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْراً وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ﴾ پھر حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا اور اللہ نے انہیں سلطنت اور حکمت عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے یہ اصولِ کلی بھی بیان فرمایا کہ اگر وہ نیک لوگوں کے ذریعے مفسدوں کے شر کو دفع نہ فرمائے تو زمین فساد سے بھر جائے۔ یعنی نیک لوگوں کا اجتماعی کردار اور جدوجہد دنیا میں امن وعدل کا ضامن ہے۔

یہ رمضان رسول اللہ ﷺ کے ساتھ

دورۂ احادیث رمضان المبارک

14 کتبِ حدیث میں وارد احادیثِ رمضان کا جامع مطالعہ

احادیث کی قراءت، مستند ترجمہ اور ضروری توضیح

صحاح ستہ کے کتاب کتاب الصوم کا تقابلی جائزہ

دورۂ رمضان کے لیے منتخب 14 کتب حدیث

1. صحيح البخاري
2. صحيح مسلم
3. سنن أبي داود
4. جامع الترمذي
5. سنن النسائي
6. موطأ الإمام مالك
7. سنن ابن ماجه
8. مسند أحمد
9. سنن الدارمي
10. السنن الكبرى للبيهقي
11. صحيح ابن خزيمة
12. صحيح ابن حبان
13. المستدرك على الصحيحين
14. الأحاديث المختارة للمقدسي

- کلاس روزانہ آن لائن (Zoom)
- بعدِ تراویح: 10:30 تا 11:15
- مکمل ریکارڈنگ دستیاب
- د جمطھر کروتنگ دستیاب
- داخلہ فیس: صرف 300 روپے
- آغاز: 20 تا 28 فروری 2026ء

یہ کورس بچوں، بڑوں، طلبہ، علما، مرد و عورت سبھی کے لیے مفید ہے

+92 312-6392663

HADI RESEARCH INSTITUTE INTERNATIONAL

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | حلال روزگار بھی پائیں

آن لائن اکیڈمی / انسٹیٹیوٹ کیسے بنائیں؟

کورس کے اہم نکات

- آن لائن اداروں کے فوائد، ضرورت، اہمیت
- ریکارڈڈ اور لائیو کلاسز کے الگ الگ فوائد اور طریقے
- کورسز کی آؤٹ لائن کیسے بنائیں؟
- فیس جمع کرنے اور داخلہ دینے کے محتاط طریقے
- کمپیوٹر، کی کون سی ٹریننگ ضروری ہے؟
- آن لائن کورسز کیسے کروائیں؟ مکمل ٹریننگ
- ریکارڈنگ اور سرٹیفکیٹ کیسے مہیا کریں؟
- صرف ایک لفظ کے ذریعے لمبے لمبے میسج کیسے بھیجیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- موبائل اور انٹرنیٹ کی کون سی ٹریننگ ضروری ہے؟

کورس کے زمرہ جات

- قرآن اکیڈمی کے 14 کورسز، نصاب اور طریقہ
- سیرت اکیڈمی کے 14 کورسز، نصاب اور طریقہ
- حدیث اکیڈمی کے 19 کورسز، نصاب اور طریقہ



طلباء، علماء، اسکالرز اور متخصصین
اپنی فیلڈ کے کون سے کورسز کروائیں
داخلہ کے لیے "اکیڈمی" لکھ کر واٹس اپ کریں



مدرس
استاذ التحقیق والتصنیف علامہ مولانا
محمد راشد علی عطاری مدنی

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: صرف 500 روپے
ہندوستان: صرف 300 روپے

داخلہ و کلاس کی تفصیل

یہ کورس مکمل ہو چکا ہے
داخلہ فیس جمع کروا کے
مکمل ریکارڈنگ حاصل کر سکتے ہیں